نوٹس نیلامی

محکمہ مالیات سول سیکرٹریٹ پشاور

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محکمہ مالیات واقع سول سیکرٹریٹ پشاور میں بتاریخ 07 اگست بروز جمعہ بوقت 10:00 بجے سرکاری اشیاء جن میں ناکارہ ٹائرز، کرسیاں، میز، فرنیچر سکریپ، کمپیوٹرز، پرنٹرز، ڈسپنسر، یو پی ایس، سپلٹ اے سی، ونڈو اے سی، سٹیل الماری وغیرہ شامل ہیں نیلامی کر رہی ہے۔ مطلوبہ نیلامی میں خواہشمند حضرات مجوزہ تاریخ سے پہلے سیکشن آفیسر (ایڈمن) محکمہ مالیات میں اپنی رجسٹریشن کرائیں۔

شرائط نیلامی

۱۔ بولی دہندہ کو 5000 روپے بطورِ سکیورٹی بنامِ سیکشن آفیسر (ایڈمن) مورخہ 06 اگست بروز جمعرات تک جمع کرانے ہونگے۔

۲۔ کامیاب بولی دہندہ کل رقم 100 فیصد موقع پر جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ بولی کا 100 فیصد موقع پر جمع نہ کروانے کی صورت میں بولی دہندہ کا سکیورٹی ضبط کرلیا جائے گا۔

۳۔ سامان دو دن کے اندر اٹھایا جائے گا۔

۴۔ کامیاب بولی دہندہ سے مروجہ حساب سے 10% انکم ٹیکس وصول کیا جائیگا۔

۵۔ تمام بولی دہندہ گان اپنے قومی شناختی کارڈ ہمراہ ضرور لائیں۔

۶۔ تمام اشیاء کا معائنہ بولی سے دو دن پہلے دفتری اوقات کار کے دوران کیا جاسکتا ہے۔

۷۔ اشیاء جیسی ہیں اور جہاں ہیں کی بنیاد پر نیلامی ہونگی۔

۸۔ گیٹ پاس کے بغیر سامان گیٹ سے باہر نہیں لے جایا جاسکتا۔

سیکشن آفیسر (ایڈمن) محکمہ مالیات سول سیکرٹریٹ پشاور

Scanned with CamScanner